تعارفِ کتاب

☆ **عظمتِ قرآن**، محمد ہمایوں عباس شمس۔ ناشر: جامعہ تبلیغ الاسلام، خیابان امین، فیصل آباد۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ندارد [قرآن حکیم پر مختلف مذاہب خصوصاً عیسائیوں کے انٹرنیٹ کے ذریعے کیے جانے والے اعتراضات کے جوابات دیے گئے ہیں۔ سوالات انگریزی میں ہیں۔ مولف نے زیادہ تر جوابات مختلف اردو مفسّرین کی تحریروں کے ذریعے انھی کے الفاظ میں دیے ہیں۔]

☆ **پھول کھلے ہیں رنگ برنگے**، شان الحق حقی۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن، ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۱۱۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [۸ سال سے ۸۰ سال کے ''بچوں'' کے لیے دل چسپ نظمیں، مزے دار نظموں کا مجموعہ۔ حقی صاحب کہنہ مشق ادیب، شاعر اور مترجم ہیں۔ نظموں میں شگفتگی، ندرت اور مٹھاس ہے۔ ان میں ترانے اور پہیلیاں بھی ہیں]

☆ **چراغ نوا**، رئیس نعمانی۔ ناشر: محمد ارشد، اے ۱۱۸/۴، لوکو کالونی (نئی آبادی) علی گڑھ۔ صفحات: ۶۴۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ [ایک مجموعہ نعت، جس میں شاعر کا ایک گہرا جذبۂ محبّتِ رسولؐ کارفرما ہے۔ ان کے بقول: ''رسولؐ کو رسولؐ کے مرتبے پر رکھا گیا ہے، اور اکثر نعت گویوں کی طرح خدا و رسولؐ کے امتیاز کو بالائے طاق رکھ کر جاہلانہ عقیدت اور ہندووانہ بھجن خوانی کے مظاہرے سے بھی زبانِ قلم کو آلودہ نہیں ہونے دیا گیا'' (ص ۶۲)۔ مقدمے میں بعض اردو نعت گوؤں کے غیر محتاط انداز (خصوصاً صاحب حدائق بخشش) پر تنقید کی گئی ہے۔]

☆ **ماہنامہ دعوت الحق**، مدیر: ڈاکٹر تسنیم احمد۔ صفحات: ۳۲۔ پتا: ۸-گلشن ویو، بلاک سی-۱۳، گلشن اقبال، کراچی ۷۵۳۰۰۔ زرتعاون سالانہ: ۵۰ روپے۔ فی شمارہ: ۵ روپے۔ [یہ مختصر رسالہ کسی مسلک کا ترجمان نہیں۔ قرآن و سنت کی روشنی میں دعوت حق پیش کرتا ہے۔ عقائد، خصوصاً عقیدۂ توحید کی اصلاح پیشِ نظر ہے۔ حالات حاضرہ کا بھی لحاظ ہے۔ اپریل کے شمارے کا اداریہ (اشارات!) عریانی اور فحاشی پر ہے۔ ایک خاص خدمت اپنی ویب سائٹ پر مندرجات حاضرہ کے نام سے اہم دینی رسائل کے مضامین کا اشاریہ مہیا کرنا ہے [www.dawatulhaq.tripod.com]۔ (مسلم سجاد)